22156- مسلمان شخص كى حاملہ عيسائى بيوى كہاں دفن كى جائے گى

سوال

مسلمان شخص سے حاملہ نصرانى عورت كہاں دفن كى جائے گى ؟

پسندیدہ جواب

شيخ الاسلام ابن تيميۃ رحمہ اللہ تعالى سے مندرجہ ذيل سوال كيا گيا :

ايك مسلمان شخص كى عيسائى بيوى فوت ہوگئى جس كے پيٹ ميں سات ماہ كا بچہ ہے ، تو كيا اسے مسلمانوں كے قبرستان ميں دفن كيا جائے گا، يا عيسائيوں كے قبرستان ميں ؟

ان كا جواب تھا :

وہ مسلمانوں كے قبرستان ميں دفن نہيں كى جائے گى، اور نہ ہى عيسائيوں كے قبرستان ميں، كيونكہ مسلمان اور كافر جمع ہيں، لھذا نہ تو كافر مسلمانوں كے ساتھ اور نہ ہى مسلمان كافروں كے ساتھ دفن ہوگا، بلكہ اسے عليحدہ دفن كيا جائے گا، اور اس كى پشت قبلہ كى طرف كى جائے گى، كيونكہ بچے كا منہ اس كى پشت كى طرف ہے ، اور جب اسے اس طرح دفن كيا جائے گا تو بچے كا منہ قبلہ رخ ہوگا، اور بالاتفاق علماء كرام بچہ اپنے والد كے اسلام كى بنا پر مسلمان ہوگا، اگرچہ اس كى ماں كافرہ ہى ہے.

واللہ اعلم.